دورانِ ملازمت انسانی حقوق

– ایک معلوماتی کتابچہ –

PREVENTION LINK کے لائٹ ہاؤس اقدام کی جانب سے پیش ہے

"کیا آپ اپنے حقوق جانتے ہیں؟"

آپ کے انسانی حقوق کو کون منظم کرتا ہے؟

کینیڈا کا آئین قانونی ذمہ داری کو وفاقی اور صوبائی یا علاقائی حکومتوں کے درمیان تقسیم کرتا ہے۔

وفاقی

وفاقی حکومت بعض ایمپلائرز اور سروس فراہم کنندگان جیسے کہ بینکوں اور ایئرلائنز کو منظم کرتی ہے۔ انہیں "**وفاقی طور پر منظم کردہ**" کہا جاتا ہے۔

آپ کو ذیل کا تحفظ حاصل ہوسکتا ہے:
کینیڈا کا انسانی حقوق کا ایکٹ
www.laws-lois.justice.gc.ca

صوبائی یا علاقائی

صوبے اور علاقے دیگر کاروباری اداروں اور سروس فراہم کنندگان کو منظم کرتے ہیں اور وہ اپنے ذاتی انسانی حقوق کے قوانین رکھتے ہیں۔ اونٹاریو کے ورکرز کے لیے انسانی حقوق کے قوانین میں بہت سی باتیں ایک جیسی ہوتی ہیں اور یہ کئی ایک جیسے اصول لاگو کرتے ہیں۔ یہ اونٹاریو میں لوگوں کو امتیازی سلوک سے تحفظ دیتے ہیں۔

آپ کو ذیل کا تحفظ حاصل ہوسکتا ہے:
اونٹاریو کا انسانی حقوق کا ضابطہ
www.ohrc.on.ca

کسے تحفظ حاصل ہے؟

تقریباً ہر ورکر کو تحفظ حاصل ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کا معاملہ **وفاقی ہے یا صوبائی**، انسانی حقوق کے کسی افسر سے بات کریں۔ وہ آپ کا رابطہ درست مقام سے کروا دیں گے۔

انسانی حقوق کا ملازمتی کام سے کیا تعلق ہے؟

» اونٹاریو میں، آپ کو **ملازمت میں مساوی سلوک کا قانونی حق** حاصل ہے، جوکہ امتیازی رویے سے پاک ہو۔

» ملازمت کو بہت عمومی انداز میں استعمال کیا جاتا ہے، اور اس میں شامل ہیں:
- **ملازمین**
- **خود مختار کنٹریکٹرز**
- **رضاکار**

» یونین ورکرز کی ایک منظم ایسوسی ایشن ہوتی ہے جسے ان کے حقوق اور مفادات کے تحفظ اور ان میں اضافے کے لیے تشکیل دیا جاتا ہے۔

» **ایمپلائرز اور یونینز** پر یہ یقینی بنانے کی مشترکہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ملازمت گاہیں امتیازی سلوک اور ہراسانی سے پاک رہیں۔

» ہر شخص کو اس کی **نسل، حسب نسب، وطنیت، رنگ، قومیت، شہریت، عقیدہ، جنس، جنسی حیثیت، صنفی شناخت، جنسی اظہار، عمر، جرائم کے ریکارڈ، ازدواجی حیثیت، خاندانی حیثیت یا معذوری** کے باعث امتیازی رویے یا ہراسانی کے بغیر ملازمت میں مساوی سلوک کا حق حاصل ہے۔

ملازمت گاہ میں امتیازی سلوک

» امتیازی سلوک کا مطلب ہے **زیر تحفظ خصوصیات کی بنیاد پر کسی کے ساتھ برا سلوک کرنا**۔ مثلاً:
- نسل
- عقیدہ (مذہب)
- قومیت
- جنسی حیثیت
- عمر
- ازدواجی حیثیت
- معذوری

» امتیازی سلوک کی **کئی شکلیں** ہیں۔

» امتیازی سلوک میں کسی ایک شخص یا پورے گروپ کو **نشانہ** بنایا جاسکتا ہے۔

» اس کا **مشاہدہ مشکل** ہوسکتا ہے یا یہ نظام کا حصہ ہوسکتا ہے۔

» **انسانی حقوق کے قوانین تدارک کی خصوصیت رکھتے ہیں۔** یعنی انہیں سزا دینے کے لیے نہیں بلکہ بری صورتحال کو بہتر کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ یہ قوانین امتیازی سلوک ختم کرنے اور لوگوں کے علم میں اضافہ کرکے اور آگاہی پھیلا کر اس کی روک تھام کی کوشش کرتے ہیں۔

امتیازی سلوک کی مثالیں:

» آپ حاملہ ہوگئی ہیں اس لیے آپ کو ملازمت سے برخاست کیا جاتا ہے (جنس)

» آپ کام کے دوران زخمی ہوگئے تھے لہٰذا آپ کو ملازمت سے فارغ کیا گیا ہے (معذوری)

[illegible]: [illegible] [illegible]ازی [illegible]زِ [illegible]

ہراسانی اُس وقت واقع ہوتی ہے جب کوئی:

01
آپ کو جسمانی یا زبانی طور پر **تنگ کرے یا توہین کرے**۔

02
آپ کو دھمکی دے یا خوفزدہ کرے۔

03
آپ کی نسل، مذہب، جنس، عمر، معذوری وغیرہ کے بارے میں **میں ناپسندیدہ تبصرے یا مذاق** کرے۔

04
آپ کے ساتھ غیر ضروری طور پر **جسمانی ربط** رکھے جیسے کہ چھونا، تھپتھپانا، چٹکی بھرنا یا مکا مارنا— تشدد کے زمرے میں بھی آسکتا ہے۔

! **ملازمت گاہ میں ہراسانی کا کوئی بھی واقعہ ہونے کی جوابدہی ایمپلائرز پر عائد ہوتی ہے اور انہیں ایسے کسی بھی ملازم کے خلاف موزوں کارروائی لازماً کرنی ہوگی جو کسی کو ہراساں کرتا ہو۔**

شکایت جمع کروانا

مقررہ میعاد

آپ کو امتیازی سلوک واقع ہونے کی تاریخ سے **ایک (1) سال** کے اندر اندر یا اگر ایک سے زیادہ واقعات ہوئے ہوں تو آخری واقعے کی تاریخ سے **ایک (1) سال** کے اندر اندر اپنی درخواست لازماً جمع کروانی ہوگی۔

درخواست کہاں جمع کروانی ہوگی

اونٹاریو کا ضابطہ برائے انسانی حقوق

اس ضابطے کے تحت آنے والی انسانی حقوق کی شکایات اونٹاریو کے انسانی حقوق کے ٹریبونل میں جمع کروائی جاتی ہیں:

WWW.HRTO.CA ‹‹‹ **1-866-598-0322**

کینیڈا کا قانون برائے انسانی حقوق

اس قانون کے تحت آنے والی انسانی حقوق کی شکایات کینیڈا کے انسانی حقوق کے کمیشن میں جمع کروائی جاتی ہیں:

WWW.CHRC-CCDP.GC.CA ‹‹‹ **1-888-214-1090**

ملازمت میں ایڈجسٹ کرنے کی ذمہ داری

بعض اوقات ایمپلائرز اور یونینز کو اس حوالے سے ضروری اقدامات کرنے ہوتے ہیں کہ **لوگوں کے لیے کام کی انجام دہی ممکن بنائی جائے**۔

اسے ملازمت میں ایڈجسٹ کرنے کی ذمہ داری (Duty to accommodate) کہتے ہیں۔

ملازمت میں ایڈجسٹ کرنے کی ذمہ داری **ایمپلائرز، ورکرز اور یونینز کی مشترکہ ذمہ داری** ہے۔

ملازمت میں ایڈجسٹ کرنے کی ذمہ داری کا مطلب یہ ہے کہ رکاوٹوں کو دور کرکے کام تک مساوی رسائی کی تخلیق کی جائے۔

ملازمت میں ایڈجسٹ کیے جانے کی مثالیں:

معذوری

چوٹ، بیماری یا کسی نشے کی لت کے بعد ورکر کے لیے کام کی نوعیت یا کام کی جگہ کو ازسرنو مرتب کرنا اور اسے دوبارہ ملازمت پر رکھنا یا کام کی تقرری کرنا۔

حمل

باسہولت وقفے فراہم کرنا اور ڈاکٹر کے پاس وزٹس کے لیے نظام الاوقات بنانا۔

مذہب اور عقائد

ملازم کو مخصوص مذہبی تعطیلات میں کام نہ کرنے کی اجازت دینا۔